# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 14 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 14/اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کا آج 133/رواں یوم پیدائش۔

خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

☆ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی تشہیری مہم کے آخری چند دن۔تشہیر کیلئے قومی رہنماؤں کے جلسے۔

اور۔۔۔☆ ژالہ باری اور غیر موسمی بارش کے باعث ہونے والے نقصانات سے متاثرین کی فوری امداد کی وزیر اعلیٰ کی ہدایت۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کا 133/رواں یوم پیدائش آن منایا جارہا ہے۔اس موقع پر مختلف پروگراموں کے ذریعے ڈاکٹر امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے امبیڈکر جینتی کے موقع پر ہم وطنوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔صدر جمہوریہ نے عوام کو ترغیب دی کہ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کی قائم کردہ قدروں اور اصولوں پر عمل کرتے ہوئے ملک کی ہمہ گیر ترقی کیلئے کام کریں۔

چھترپتی سمبھا جی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں کل ''امبیڈکر کے بنیادی افکار'' کے موضوع پر منعقدہ ایک سیمینار میں معروف مفکر پروفیسر ڈاکٹر رشی کیش کامبلے محکمہ عوامی انتظامی امور کے سربراہ ستیش دانڈ گے اور لیگل آفیسر ڈاکٹر آنند دیشمکھ نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔''ڈاکٹر امبیڈکر بحیثیت معمار قوم'' کے موضوع پر آج ڈاکٹر اروند گائیکواڑ اپنے خیالات پیش کرینگے۔یہ پروگرام یونیورسٹی کے آڈیٹوریم میں صبح ساڑھے گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کلکٹر دفتر میں ''ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کا یوم پیدائش اور جمہوریت کے استحکام کیلئے رائے دہی کی اہمیت'' کے عنوان پر بزرگ صحافی جئے دیوڈوڑے خطاب کریں گے۔یہ پروگرام ضلع کلکٹر دفتر کے ضلع منصوبہ بندی ہال میں صبح 11/بجے منعقد ہوگا۔

دریں اثناء چھترپتی سمبھا جی نگر کے بھڑکل گیٹ علاقے میں ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے قد آدم مجسمے پر گلہائے عقیدت پیش کرنے کیلئے معتقدین بڑی تعداد میں جمع ہورہے ہیں۔اس مجسمے سمیت شہر اور اطراف واکناف میں واقع مختلف یادگاروں پر بذریعہ ہیلی کاپٹر پھول پھینکے جائیں گے۔

اسی دوران کل شب مختلف مقامات پر زوردار آتش بازی بھی کی گئی۔کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کی جانب سے بابا صاحب کے یوم پیدائش پر شہریوں میں کاپیاں اور پین تقسیم کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔اس پہل کا شہریوں کی جانب سے زوردار خیر مقدم کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے گیورائی میں ڈاکٹر امبیڈکر اور مہاتما پھلے کی جینتی کے سلسلے میں منعقد بھیم جیوتی مہوتسو میں آر بی اٹل کالج گراؤنڈ پر 20 ہزار بیاضوں کے ذریعے بابا صاحب کی شبیہہ بنائی گئی۔اس موقع پر سابق رکن اسمبلی امر سنگھ پنڈت نے کہا کہ یہ 20/ ہزار بیاضیں ضرورتمند طلباء تعلیم حاصل کرنے کی رغبت دلائیں گی۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں سرکاری میڈیکل کالج و اسپتال کے تحت سرکاری نرسنگ کالج کے 200 طالب علموں نے کل صبح 7/ تا شام 7 بجے تک مسلسل 12/ گھنٹے مطالعہ کرکے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کو خراج عقیدت پیش کیا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے کلمنوری تعلقے کے کوڈا میں واقع ماتو شری ساوتری بائی پھلے اسکول میں طلباء نے رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کیلئے ایک عظیم الشان رنگولی بنائی۔اس رنگولی اور مختلف نعروں کے ذریعے رائے دہی کی ترغیب دی گئی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع پولس فورس اور رام منوہر لوہیا پرتشٹھان وکاس منڈل کی جانب سے بابا صاحب کی یوم پیدائش کیلئے ایک منصوبہ طئے کیا گیا ہے ۔جس میں جینتی کے جلوس میں ڈی جے بند کیا جائیگا۔ضرورتمند طلباء میں کپڑے اور بیاضیں و قلم تقسیم کئے جائیں گے۔نشہ بندی کا عزم اور حصول علم کی ترغیب جیسے پیغام عام کئے جائیں گے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی تشہیری مہم اب اپنے آخری مراحل میں ہے۔اس لئے جن حلقوں میں اس مرحلے میں رائے دہی ہوگی وہاں تشہیری جلسوں میں تیزی آئی ہے۔بڑی قومی جماعتوں کے رہنماؤں کے تشہیری جلسے وہاں منعقد ہو رہے ہیں۔بھنڈارا۔گوندیا حلقہ انتخاب میں مہایوتی کے امیدوار سنیل مینڈھے کے تشہیری جلسے سے آج بی جے پی رہنما امیت شاہ خطاب کریں گے۔اسی حلقے میں کل مہاوکاس آگھاڑی کے امیدوار پرشانت پڈوڑے کی تشہیر کیلئے منعقدہ ایک جلسے میں کانگریس قائد راہول گاندھی نے شرکت کی۔

***** ***** *****

واشم۔ایوت محل لوک سبھا حلقے کے مہایوتی کے امیدوار راجشری پاٹل کی تشہیر میں مقبول اداکار گووندا آہوجہ نے واشم میں ریلی نکالی۔گڈ چرولی۔ چمور حلقہ انتخاب میں مہایوتی کے امیدوار کے تشہیری جلسے سے نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے خطاب کیا۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

مہاراشٹرنونرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے نے کہا ہے کہ بی جے پی قائداوروزیراعظم نریندرمودی سے ایم این ایس کے چند مطالبات ہیں جن میں مراٹھی زبان کواہم لسانی درجہ دینے، ریاست میں تاریخی قلعوں کے تحفظ، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اورتمام ریاستوں کے ساتھ یکساں سلوک رواں رکھنے کا مطالبہ شامل ہے۔راج ٹھاکرے کل ممبئی میں ذرائع ابلاغ سے گفتگوکررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات میں مہایوتی کےامیدواروں کی تشہیری مہم میں حصہ لینے کافیصلہ غوروخوص کے بعد کیا جائیگا۔

***** ***** *****

ہنگو لی لوک سبھا کے مہایوتی کے شیوسینا امیدوار بابوراؤ کدم اورہنگو لی ضلع کا آکھاڑہ ۔باڑاپورتشہیری دفتر بلااجازت شروع کرنے کاانکشاف ہونے پرانتخابی محکمے نے کاروائی کی ہے۔اس سلسلے میں ونچت بہوجن آگھاڑی کےامیدوارراجوکامبڑے نے شکایت کی تھی۔اس دفتر سےتمام تشہیری مواد ہٹادیا گیاہے۔اورضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔

***** ***** *****

ایوت محل۔واشم لوک سبھا حلقے میں مہایوتی امیدوارراجشری پاٹل کی بھرپورمہم چلانے کااعلان موجودہ رکن پارلیمان بھاؤنا گولی نے کیا ہے۔کل واشم میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹکٹ نہ ملنے کاانہیں صدمہ ضرور ہے۔تاہم وہ راجشری پاٹل کی تشہیری مہم میں پوری طاقت سے شامل ہونگی۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے پیش نظرایک پروگرام لوک نرنیہ مہاراشٹراچا آکاشوانی پرشروع کیا گیاہے۔پروگرام کی آج کی قسط میں آپ رتنا گیری۔سندھودرگ حلقہ انتخاب کاتفصیلی جائزہ سماعت کرسکیں گے۔شام سواسات بجے یہ پروگرام نشرکیا جائیگا۔

***** ***** *****

ودربھ اورمراٹھواڑہ میں غیرموسمی بارش اورژالہ باری سے متاثرہ کسانوں کی فوری امدادکاحکم وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے دیاہے۔انہوں نے متعلقہ افسران کوہدایت کی کہ انتخابی ضابطہ اخلاق کے پیش نظرانتخابی کمیشن سے درخواست کرکے افسروں کی سطح پرمیٹنگ طلب کرکے کسانوں کو راحت دی جائے۔کل ہنگو لی کے حدگاؤں میں اخباری نمائندوں سے گفتگوکرتے ہوئے انہوں نے نقصانوں کےفوری پنچنامے کرنے کی ہدایت جاری کی۔ہنگو لی میں ضلع کے جٹاڑے واڑی میں بجلی گرنے سے ہلاک ہونے والے کسان کے افرادخاندان کو5/لاکھ روپئے کی امداددینے کا اعلان بھی وزیراعلیٰ نے کیا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع میں گذشتہ دودنوں سے تیزآندھی اورغیرموسمی بارش کے باعث 874/کسانوں کی404/ہیکٹرزمین پرفصلوں کونقصان پہنچا۔ چھوٹے بڑے39/مویشی اور250/مرغیوں کے ہلاک ہونے کی اطلاع ضلع انتظامیہ نے دی۔
ریاست میں آئندہ دودنوں میں ودربھ،وسطی مہاراشٹراورمراٹھواڑہ کے بیشتر مقامات پرگھن گرج کے ساتھ بارش کی پیشگوئی محکمہ موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے سدھارتھ گارڈن میں واقع چڑیا گھر میں سمریدھی شیرنی کی کل موت واقع ہوگئی۔گذشتہ 15 ؍دنوں سے اس کا علاج جاری تھا۔ 15 سال قبل اسی چڑیا گھر میں پیدا ہونے والی سمریدھی شیرنی نے کل 10 ؍بچوں کو جنم دیا۔جن میں سے ایک شیر پونا میں اور دو شیر آحمدآباد کے چڑیا گھر بھیجے گئے ہیں اور بقیہ 7 ؍شیر سدھارتھ گارڈن کے اسی چڑیا گھر میں موجود ہیں۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں حزب اختلاف کے قائد امباداس دانوے کو ادھو باڑ اصاحب ٹھاکرے شیوسینا کا قائد نامزد کیا گیا۔پارٹی سربراہ ادھوٹھاکرے نے کل دانوے کے ساتھ ساتھ پارٹی کے دیگر عہدوں پر بھی نامزدگیوں کا اعلان کیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کہا ہے کہ ووٹ کے تئیں فرض شناسی کا احساس پیدا کرنے اور جمہوریت کے استحکام کیلئے رائے دہی کی شرح میں اضافے کی ضرورت ہے۔کل ویجاپور میں منعقدہ ایک پروگرام سے وہ خطاب کر رہے تھے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کا آج 133 ؍واں یوم پیدائش۔

خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

☆لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی تشہیری مہم کے آخری چند دن۔تشہیر کیلئے قومی رہنماؤں کے جلسے۔

اور۔۔۔☆ ژالہ باری اور غیر موسمی بارش کے باعث ہونے والے نقصانات سے متاثرین کی فوری امداد کی وزیر اعلیٰ کی ہدایت۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

***** ***** *****